ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (485)

26.09.24

**بہاول پور(              )وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات اور ڈی پی او اسد سرفراز خان کی کرائم کنٹرول کے حوالے سے موثر حکمت عملی۔بہاولپور پولیس نے گزشتہ 06 ماہ میں 2705 مجرمان اشتہاری و 365 عدالتی مفروران سمیت کل 13881 ملزمان گرفتار،جن سے 11 کروڑ روپے سے زائد کا مال مسروقہ ونقدی برآمد ہوا۔شہری معاشرتی امن کی راہ میں رکاوٹ بننے والوں کی نشاندہی کریں،پولیس ہر صورت ایسے عناصر کو جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچائے گی،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیل کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کی جرائم کنٹرول کرنے کی حکمت عملی کے اثرات عیاں ہیں۔بہاول پور پولیس نے اب تک 12582 مقدمات درج رجسٹرڈ کئے،جن سے نئے اور پرانے مقدمات ٹریس آؤٹ کرتے ہوئے، 17 گینگز شاہد عرف شاہدی، رمضان ڈشتی،سجاد عرف سجادی،مجاہد عرف مجی،وغیرہ سمیت 64 ملزمان کو گرفتار کیا اوران سے ناجائز اسلحہ برآمد کرنے کے علاوہ 11 کروڑ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ ونقدی برآمد کیا۔ناجائز اسلحہ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 522 مقدمات درج اور 525 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 12 عدد رائفل،02 کلاشنکوف 24 رپیٹر، 14 بندوق،383 پسٹل، 53 ریوالور،کاربین 31 اور 1550 روند برآمد ہوئے۔منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے بہاول پور پولیس نے 952 مقدمات درج کرکے ان میں ملوث 952 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 08 من سے زائد چرس،06 کلو 23 گرام کرسٹل آئس،02 کلوگرام ہیروئن، 07 کلوگرام افیون، 03 من بھنگ، 33234 لیٹر شراب ولہن اور 81 چالو بھٹیاں قبضہ پولیس میں لی گئیں۔قمار بازوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 50 مقدمات درج کرکے 312 جواریوں کو گرفتار کرکے داؤ پر لگی لاکھوں کی رقم اور جوئے کا سامان برآمد کیا۔نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کرتے ہوئے 1940 ملزمان کو گرفتار کرکے پیش عدالت کیا جا چکا ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کا پولیس سے تعاون/ اطلاع دینے پر مزید جرائم پیشہ عناصر کو قابو کرنے سے جرائم میں کمی واقع ہوسکتی ہے۔شہری خصوصاً ہمارے میڈیا کے نمائندے معاشرتی امن کی راہ میں رکاوٹ بننے والوں کی نشاندہی کریں،پولیس ہر صورت ایسے عناصر کو جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچائے گی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (486)

26.09.24

**بہاولپور(            )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد، 32 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے۔ پراپرٹی کے مقدمات میں جلد ریکوری کر کے رپورٹ پیش کریں، تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، شہریوں کے مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران 32 سے زائد شہریوں کے مسائل دریافت کئے۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو باری باری تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے جبکہ متعدد ایس ایچ اوز کو کھلی کچہری میں طلب کر کے براہ راست جواب طلبی کی۔ کھلی کچہری میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے متعدد سائلین کی درخواستوں پر انکوائریوں کا حکم دیا اور متعدد پر ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران سے کھلی کچہری میں متعلقہ شہری کی موجودگی میں مقدمات کی پراگریس لی۔ ریکوری کے مقدمات میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے تفتیشی افسران کو حکم دیا ایک ہفتے کے اندر اندر ریکوری کر کے مدعی مقدمہ کے حوالے کر کے رپورٹ جمع کروائیں۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ شہریوں اور پولیس افسران کے درمیان خلیج نہ رہے اور تمام جائز مسائل بروقت میرٹ پر حل ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مقدمات کو طے شدہ ضابطہ کے مطابق بروقت یکسو نہ کرنا اور شہریوں کو انصاف فراہم نہ کرنے والے افسران سے جواب طلبی کی جا رہی ہے، سرکل اور تھانہ جات میں موجود افسران شہریوں کو پہلی فرصت میں انصاف فراہم کریں۔ انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی حل کیے جائیں اور یہی ہمارا اولین فرض بھی ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان اپنے دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر منعقد کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل دریافت کرنے کے بعد احکامات جاری کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((487

26.09.24

**بہاولپور ( ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی ڈی پی او آفس میں آنے والے RevivalInternationalSchool کے سٹوڈنٹ کے ساتھ گپ شپ، آفس کا وزٹ اور محکمہ پولیس کے بارے بریفنگ ۔سٹوڈنٹ کو پولیس ورکنگ کمیونٹی اور شہریوں کو ریلیف مہیا کرنے کے اقدامات بارے تفصیلی طور پر بتایا، پولیس انٹرن شپ پروگرام کے تحت نوجوانوں کو پولیس کی ورکنگ اور پولیس کی طرف سے عوام الناس کیلئے دی جانے والی سہولیات اور سروسز کے بارے آگاہ کیا، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کی ڈی پی او آفس آنے والے Revival International School کے سٹوڈنٹ کے ساتھ گپ شپ کی ۔ بہاولپور پولیس کے بارے میں مکمل بریفنگ دی اور بہاولپور پولیس کے جدید خطوط پر ورکنگ اور کمیونٹی پولیسنگ سے جڑے پراجیکٹس بارے سٹوڈنٹس کو تفصیل میں بتایا اور کہا کہ پولیس نے اس ملک وقوم کی حفاظت میں ان گنت قربانیاں دی ہیں ۔طلبہ سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہی طالب علم اپنی عملی زندگی میں کامیاب ہوتے ہیں جو علم کے حصول کو اپنا فرض اور سوچ کے محور کو وسیع کرتے ہیں اور آنے والے کل کی بہتری کے لیے ٹھوس اور مثبت منصوبہ بندی کرتے ہیں ۔۔طلبہ نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کے ساتھ سوالات وجوابات کا سیشن بھی کیا۔جبکہ ڈی پی او نے سکول کے طلبہ کو ڈی پی او آفس کی مختلف برانچز کا وزٹ بھی کروایا اور بعدازاں بہاولپور پولیس کے مختلف پراجیکٹس کا دورہ کرایا گیا۔طلبہ کو پولیس کے پروٹوکول میں کالج پولیس خدمت مرکز لایا گیا جہاں پر انہیں خدمت مرکز میں دی جانے والی تمام سہولیات کے بارے میں فوکل پرسن نے بریفنگ دی۔ طلبہ کو پولیس تحفظ مرکز اور میثاق سینٹر کا بھی وزٹ کرایا گیا جہاں پر پولیس معاشرے کے کمزور ومحکوم طبقات اور اقلیتوں کی قانونی رہنمائی و مدد کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے ۔بعدازاں سکول کے طلبہ کو ماڈل پولیس اسٹیشن بغدادالجدید کا وزٹ کرایا گیا۔تھانے میں آنے والے شہریوں کو دی جانے والی تمام سہولیات کے متعلق ایس ایچ او بغدادالجدید نے بریف کیا۔طلبہ نے فرنٹ ڈیسک، حوالات، ایس ایچ او آفس، محرر آفس اور دیگر دفاتر کا وزٹ کیا۔اس موقع پر سٹوڈنٹس کا کہنا تھا کہ پولیس کے اس خوبصورت اور سافٹ چہرے کو پہلی دفعہ دیکھا ہے جس کا ہمیں کبھی اندازہ نہیں ہوا کہ پولیس شہریوں کیلئے اس قدر لگن اور محنت سے کام کر رہی ہے ۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے طلبہ سے کہا کہ آپ پولیس انٹرن شپ پروگرام کو جوائن کریں اور اس کے تحت نوجوانوں کو پولیس کی ورکنگ اور پولیس کی طرف سے عوام الناس کیلئے دی جانے والی سہولیات اور سروسز کو قریب سے دیکھنے اور سیکھنے کا موقع ملے گا تاکہ پولیس اور عوام کے درمیان کمیونٹی پولیسنگ کو فروغ دیتے ہوئے خلیج کا کم کیا جاسکے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




**بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی ڈی پی او آفس میں آنے والے Revival International School کے سٹوڈنٹس کے ساتھ گپ شپ، آفس کا وزٹ اور محکمہ پولیس کے بارے بریفنگ ۔**